آئندہ نگری کی دستاویزات کی بنیاد پر آستان قدس رضوی کو رضوی ثقافت، تعلیمات اور رضوی طرز زندگی کے برترین اور بہترین مرجع اور ماخذ میں تبدیل ہونا چاہیے، سب سے برترین اور بہترین مرجع و ماخذ سے مراد یہ ہے کہ کسی ایک یا چند موضوعات میں جامعیت، تاثیر اور کوالٹی کی وجہ سے شناختہ شدہ ہو اور اسی طرح عملی شعبوں میں انفرادی اور سماجی ضروریات کو پورا کرنے اور جواب دینے میں نمونہ اور رول ماڈل ہو۔

آستان قدس رضوی کی بنیادی اقدار کے چوتھے پیراگراف میں آستان قدس رضوی میں پیداواری صلاحیتوں کو بڑھانے کے لئے تحقیق اور ٹیکنالوجی کے استعمال پر تاکید کی گئی ہے۔نیز اہم اور بلند و بالا اہداف و مقاصد کے پانچویں پیراگراف میں معیاری اور مؤثر مصنوعات کی پیداوار اور مناسب خدمات فراہم کرنے پر توجہ دی گئی ہے اور چھٹے پیراگراف میں جدیدترین اور معیاری مصنوعات کی پیداوار پر تاکید کی گئی ہے البتہ ان کے حصول کے لئے ایک جامع اور کامل مطالعہ اور تحقیق کی ضرورت ہے۔

## مہربان اور رؤوف امامؑ کے زائرین کو سکون فراہم کرنے کے لئے علمی کاوشیں

اہلبیت اطہارؑ کی محبت کے سائے میں تشکیل پانے والے اسلامی جمہوریہ ایران کے مقدس نظام کی برکت سے آستان قدس رضوی سب کے لئے ایک کامل نمونے اور رول ماڈل میں تبدیل ہو چکا ہے جو اپنی تحقیقی، تعلیمی اور فلاحی سرگرمیوں کو نہ فقط شیعوں بلکہ سب کے اختیار میں قرار دے رہا ہے۔حرم امام رضاؑ کی ایک اہم ترین ذمہ داری یہ ہے کہ مختلف عمر کے زائرین خصوصاً نوجوان زائرین کی ضروریات کے مطابق دینی متون اور تعلیمات کو مؤثر طریقے سے پیش کرنے کے لئے نئی فارمیٹس اور نئے ڈھانچے کے ذریعے ان تعلیمات اور تربیتی اہداف و مقاصد کو ان تک منتقل کرے، حالیہ برسوں میں اس اہمیت کے پیش نظر معروف ماہرین اور محققین کی کاوشوں سے حضرت امام علی رضاؑ کے زائرین کو زیارت سے متعلق سہولیات فراہم کرنے کے لئے رائے شماری کی گئی اور متعدد موضوعات پر تحقیقات بھی انجام دی گئی ہیں۔

## علم و ادب کے لباس میں رہ کر خدمتگزاری

توحیدی تعلیمات کے چاہنے والوں کی ایک بڑی تعداد یہ خواہش رکھتی ہے کہ وہ حضرت امام علی بن موسیٰ الرضا علیہ السلام کی نورانی اور ملکوتی بارگاہ سمیت اس مقدس بارگاہ کے زائرین کی خدمت کر سکیں اس سلسلے میں ہر سال ہم وطنوں کی طرف سے بہت زیادہ تعداد میں خدمتگزاری کی درخواستیں موصول ہوتی ہیں اس لئے متعلقہ ہم آہنگی کے بعد یہ طے پایا کہ دانشور حضرات اور محققین حضرت امام علی رضاؑ کے علمی خدمتگزاروں میں رکنیت حاصل کرنے اور اسلامی، ثقافتی اور سماجی تحقیقات انجام دے کر اس مقدس بارگاہ کے علمی خادم ہونے کا اعزاز حاصل کر سکتے ہیں۔

## علم اور اختراعات کی خصوصی شفٹ

آستان قدس رضوی نے ایک تخلیقی، فعال اور اختراعی فضا کی تشکیل کے لئے اور اسی طرح حرم امام رضاؑ سے متعلقہ مسائل جیسے زیارت وغیرہ سے متعلق ایک نیٹ ورک اور اٹلس کو تشکیل دینے کے لئے اور آستان قدس رضوی کے متولی کی دانشوروں اور محققین سے استفادہ کرنے کی تاکید کے بعد حرم امام رضاؑ میں عالم آل محمدؐ کے عنوان سے علم و اختراع پر مشتمل خصوصی شفٹ کو تشکیل دیا گیا ہے۔

## اعلیٰ علمی اور تحقیقی اہداف و مقاصد کا مظہر

اسلامی ثقافت کو فروغ دینے کے مقصد سے ۱۲ نومبر ۱۹۸۴ میں اسلامک ریسرچ فاؤنڈیشن کو تشکیل دیا گیا اور اسے ۹ مئی ۱۹۸۵ کو ۱۷۸ نمبر کے تحت مشہد مقدس شہر کی کمپنیز کے رجسٹریشن آفس میں درج کیا گیا۔ جس کے بعد اس نے اپنی باقاعدہ سرگرمیوں کا آغاز کیا۔ اسلامک ریسرچ فاؤنڈیشن جو کہ ثقافتی انقلاب کی سپریم کونسل سے منظور شدہ ایک تحقیقی ادارہ ہے اور اس وقت صدر مملکت کی منظوری سے آستان قدس رضوی کی علمی و ثقافتی آرگنائزیشن کی تحت اور بورڈ آف ٹرسٹیز کی نگرانی میں سرگرمیاں انجام دے رہی ہے، آستان قدس رضوی کے تعلیمی و تحقیقی اہداف و مقاصد کے حصول کے لئے مدارس اور یونیورسٹیوں کے اساتذہ اور پروفیسرز اس فاؤنڈیشن کے ساتھ تحقیقی گروپس کی صورت میں تعاون کر رہے ہیں۔

آستان قدس رضوی کی اسلامک ریسرچ فاؤنڈیشن کی تحقیقاتی سرگرمیاں قرآنی علوم، حدیث، فقہ و اصول، عقائد اور معارف اسلامی، رضوی سیرت و ثقافت، انقلاب اور جدید اسلامی تہذیب، اخلاق اور اسلامی تربیت وغیرہ کے خصوصی تحقیقی گروپس کی صورت میں ہیں اس کے علاوہ ایک ریسرچ سینٹر جو کہ تین گروپس بشمول علوم قرآن و حدیث، فقہ اور فلسفہ و اسلامی عرفان سے وابستہ علوم پر مشتمل ہے۔ اس تحقیقی مرکز میں تأسیس سے اب تک مختلف موضوعات جیسے فقہ و اصول، قرآن و حدیث، ترجمہ، جغرافیہ، تاریخ، رضوی سیرت و ثقافت، انساب و اسلامی شخصیات، اخلاق، انقلاب اور جدید اسلامی تہذیب، اسلامی معیشت، کلام، فلسفہ، آرٹ اور اسلامی فن تعمیر وغیرہ پر چار ہزار عناوین پر ڈیڑھ کروڑ سے زائد کتب شائع کی جا چکی ہیں۔

## طلباء کی تحقیق سے لے کر راہ حل تک راہنمائی

سوال کرنا، ریسرچ کرنا، علم کی تلاش اور نامعلوم کو دریافت کرنا یہ بچپن اور نوجوانی کی مخصوص خصوصیات ہیں، طلباء کی ان

